ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
بانیہ چیف ایڈیٹر مرحوم
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | ہجری 22 ذوالحج 1446 | 19 جون 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 350
PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqla2006@gmail.com | BC-m-1 رجسٹرڈ | قیمت 30 روپے

مذاکرات ہو سکتے ہیں، تہران شکست تسلیم کرے، ٹرمپ ہتھیار ڈالنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا، آخری فتح ایران کی ہوگی، خامنہ ای

امریکا کو کئی سالوں سے ایران سے، دھمکیاں مل رہی تھیں، اس کے باوجود بھی جو بری مذاکرات کیے، آخری الٹی میٹم "دے دیا ہے، اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ ایران کے خلاف فوجی مداخلت کریں یا نہیں

ایران نے مجھ سے بات کرنے کی کوشش کی پہلے میں نے کہہ دیا کہ اب بہت دیر ہو چکی ہے، لیکن ایک بار پھر ایران کو کہتا ہوں کہ اسرائیل پر حملے بند کر دے، تو مذاکرات کی طرف آ سکتے ہیں

ہمیں دہشت گرد صیہونی حکومت کو ایک طاقتور جواب دینا ہوگا، ہم صیہونیوں پر کوئی رحم نہیں کریں گے، امریکا اسرائیل کیساتھ کبھی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، مستکبر صیہونی وجود سے سختی سے نمٹا جانا چاہیے، ایرانی سپریم لیڈر

تہران، ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای قوم سے خطاب کر رہے ہیں

ایران اسرائیل جنگ پر عرب ممالک تماشائی بن گئے، برطانوی اخبار

لندن (مہ ذ) برطانوی اخبار نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کو عرب ممالک کے لیے بڑا بحران قرار دے دیا۔ برطانوی اخبار کے مطابق ایران اور اسرائیل کی جنگ کو عرب ممالک اب ایک..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے امریکی اڈوں کو نشانہ بنانے کی تیاری مکمل کر لی

ایران آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں بچھانے کی تحقیق کر رہا ہے، امریکی اخبار

واشنگٹن (مہ ذ) امریکی اخبار نے کہا ہے کہ ایران نے امریکی اڈوں کو نشانہ بنانے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ امریکی اخبار نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ امریکی حملوں کے خصوصاً فردو پر حملے کی صورت میں روس..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی گوادر کی طالبہ نفیسہ سے شفقت

طالبہ کے شکوے کا سادہ جواب دینے کے بجائے اسٹیج پر بلا لیا

گوادر کی طالبہ نفیسہ نے شکوہ کیا کہ اُس کی آواز کوئٹہ تک نہیں پہنچتی

گوادر (ٹ ن) قیادت صرف احکامات دیتے کا کام نہیں بلکہ دلوں کو..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اماراتی صدر کا ایرانی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، اظہار یکجہتی

شیخ محمد بن زاید نے امن و استحکام کے ہر اقدام کی حمایت کا اعادہ کیا، اماراتی میڈیا

ابوظہبی (مہ ذ) اماراتی صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رسانی کے مطابق اسرائیلی فوج کی ایران..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر اسرائیلی حملے عالمی سلامتی کیلئے ناقابل قبول ہیں، روس

ایرانی جوہری تنصیبات کو نقصان کی آئی اے ای کے رپورٹ کے منتظر ہیں، بیان

ماسکو (مہ ذ) روسی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایرانی جوہری تنصیبات کو نقصان کی آئی اے ای کے رپورٹ کے منتظر ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا سولر پینل پر عائد ٹیکس کم کرنے کا اعلان

پاکستان کی معیشت دن بدن مستحکم ہو رہی ہے، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (شاکر رمضان) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ سولر سسٹم کیلئے 46 فیصد مال درآمد کیا جاتا ہے، سولر پینل پر 18 فیصد ٹیکس کو..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کشمیر پر ثالثی کیلئے بھارت یا پاکستان پر دباؤ نہیں ڈال سکتے، امریکی محکمہ خارجہ

ہر فریق کا اپنا حق ہے وہ اپنے فیصلے خود کرے، ٹرمپ کا مقصد دنیا کو پرامن بنانا ہے، امریکی ترجمان

واشنگٹن (مہ ذ) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ تیمی بروس نے واضح کیا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ مسئلہ کشمیر پر ثالثی کیلئے بھارت یا پاکستان پر دباؤ نہیں ڈال سکتے..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں ایسے منصوبے متعارف کرائیں جو نتائج دینے سے قاصر نہ ہوں، وزیر اعلیٰ

بی ڈی اے ایک خودمختار، منافع بخش ادارہ بنے جو اپنے وسائل خود پیدا کرے اور حکومتی فنڈز پر انحصار کم کرے، میر سرفراز بگٹی

گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ، نجی ہاؤسنگ اسکیموں، شادی ہال و ڈیم کی سولر ایلومینیشن، فنڈنگ سے سفارشات پر غور کیا گیا

ظہور شاہ ہاشمی ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح، تعلیم کے فروغ کا سراب ایک عملی اور نتیجہ خیز مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، گنتلو

گوادر (ٹ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان انجینئر میر گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بی ڈی اے کی گورننگ باڈی کا 30 واں اجلاس ہوا جو گوادر میں منعقد ہوا اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

سید عاصم منیر بغیر کسی عہدے کے پاکستان کے تاریخ کے پہلے آرمی چیف ہیں جنہیں امریکی صدر نے براہ راست ملاقات کی دعوت دی، اہم ملاقات پر بھارتی میڈیا سیخ پا، ایڈمیرل سید صفائم

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور صدر ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس میں ملاقات

ایران اسرائیل جنگ پاک بھارت کشیدگی اور دہشتگردی کیخلاف تعاون پر بات چیت

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات اعزاز ہے، پاک بھارت جنگ بندی پر انکا شکریہ ادا کرتا ہوں، پاکستان ایران کو ہم سے زیادہ بہتر جانتا ہے، ایران کیساتھ گارنٹی والا معاہدہ ہونا چاہیے

میں پاکستان کو پسند کرتا ہوں، وہاں کے لوگ بھی بہت اچھے ہیں، پاکستان کے ساتھ تجارتی معاہدے پر بات چیت ہو رہی ہے، ملاقات کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی میڈیا سے گفتگو

نریندر مودی سے ملاقات کرنے سے پہلے سید عاصم منیر کو ملاقات کی دعوت کیوں دی، بھارت ٹی وی چینلز، فیلڈ مارشل کے امریکی صدر کیساتھ ظہرانے کی خبر نے بھارتی میڈیا پر جنون طاری کر دیا

واشنگٹن (یو ور رپورٹ) پاکستانی آرمی چیف نے وائٹ ہاؤس میں اہم ملاقات کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی برادری جنگ بندی کیلئے فوری اقدامات کرے، شہباز شریف

افواج پاکستان نے قوم کی حمایت سے دشمن کیخلاف کامیابی حاصل کی، وزیر اعظم

سکیورٹی اداروں کی تمام ضروریات پوری کریں گے، کابینہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایران اسرائیل جنگ سے پیدا ہونیوالی صورتحال تشویشناک ہے، عالمی برادری ایران اسرائیل جنگ بندی کیلئے فوری اقدامات کرے، افواج پاکستان نے قوم کی حمایت سے دشمن کے خلاف کامیابی حاصل کی، دہشت گردی کے خلاف ناقابل فراموش قربانیاں دی ہیں، سکیورٹی..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے تصادم کا خواہاں ہے اور نہ ہی مذاکرات کا طلب گار، بلاول بھٹو

فیلڈ مارشل اور ٹرمپ کی اہم ملاقات پاک امریکا تعلقات میں بہتری کی جانب مثبت قدم ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

بھارت نے بدمستی سے امن کی کوششوں، اور امریکی سفارتکاری کو مسترد کیا، ایسا ناقابل برداشت طرز عمل ہے، گنتلو

لندن (مہ ذ) انجینئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پاک امریکا تعلقات میں بہتری کی جانب مثبت قدم ہے، بلاول..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں اسرائیلی فوج کی فائرنگ، 30 فلسطینی شہید، 100 سے زائد زخمی

غزہ (مہ ذ) غزہ میں اسرائیلی فوج کی دہشتناک فائرنگ سے..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی پی صرف ایک فون کال کی بات ہے، بلاول

اسلام آباد (یو ور رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر خورشید..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیخلاف اسرائیل کی فوجی کارروائی سے بہت فکر مند ہیں، چینی صدر

اسرائیل پر خصوصی اثر و رسوخ رکھنے والے ممالک فوری اقدامات کریں، شی جن پنگ

بیجنگ (مہ ذ) چین کے صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف اسرائیل کی فوجی کارروائی سے "بہت فکر مند ہیں، چین نے اسرائیلی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ایسے لوگوں کو لکارنا عدالتی ادارے کی خدمت کی اعلیٰ ترین شکل ہے، تحریری فیصلہ

جن کا فرض ہے، اپنی صفوں میں طاقت کے سامنے ہتھیار ڈالنے..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

جج طاقت کے سامنے ہتھیار ڈالنے والوں کی نشاندہی کریں، جسٹس منصور

اسلام آباد (یو ور رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیئے ہیں کہ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے اسرائیل کا پانچواں ایف-35 لڑاکا طیارہ مار گرایا

تہران (مہ ذ) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے اسرائیل کا پانچواں..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی حملوں کے باعث اسرائیل کا میزائل دفاعی نظام تباہی سے دوچار، اسرائیل کے پاس بیلسٹک میزائل انٹرسیپٹرز کی کمی ہوگئی، عرب میڈیا

آپریشن وعدہ صادق سوم، دسویں لہر کا آغاز، اسرائیل پر مزید میزائل داغے گئے، خطرے کے سائرن بج اٹھے، اسرائیلی شہریوں کو بنکر میں جانے کی ہدایت

پے در پے میزائل حملوں کے باعث اسرائیل کا میزائل دفاعی نظام تباہی سے دوچار، اسرائیل کے پاس بیلسٹک میزائل انٹرسیپٹرز کی کمی ہوگئی

صوبائی وزیر امیر شعیب نوشیروانی بلوچ، بلوچی اور قرآن حکومت شاہد نور پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان کے بجٹ میں کسی محکمے کے فنڈز میں کٹوتی نہیں کی گئی، صوبائی وزیر خزانہ

بلوچستان کے 60 لاکھ نوجوان بے روزگار، 30 ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر روزگار کیلئے بیرون ملک بھیجا جا رہا ہے

امن و امان کی بحالی کیلئے 98 ارب روپے مختص، این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبے کو 70 ارب روپے ملیں گے

بلدیاتی سسٹم کو مضبوط بنانے کیلئے 35 ارب روپے مختص، صوبے سے سولر پارک بنا رہے ہیں، پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حکومت بلوچستان صوبے کی تعمیر و ترقی کی گیتی بناتے ہوئے گذشتہ شماری کو اپنا کرمن کی بحالی کو ممکن بنا رہی ہے اس لئے کسی بھی محکمے کے بجٹ میں کٹوتی نہیں کی گئی اور اختیارات اور وسائل کی پنگی سطح پر منتقلی یقینی بناتے ہوئے بلدیاتی..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی ظہور شاہ ہاشمی ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح کر رہے ہیں، اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان بھی موجود ہیں

بجٹ گرانٹ اور قرضے عوام کے گلے پر چھری پھیر دی گئی، ایوب عمر

تحریک انصاف کی ایران کے حق اور اسرائیل کی مخالفت میں قرارداد کو بھی براہ راست نشر نہیں کیا گیا

حکومت کا 6 ہزار 500 ارب روپے خسارے کیساتھ بجٹ اطلاق سے قبل ہی اپنی موت آپ مر جائے گا

اسرائیل کیخلاف اصل آپریشن جلد انجام دیا جائے گا، ایرانی چیف آف اسٹاف

ایران کی اب تک کی کارروائی اسرائیل کو روکنے کے لیے ایک انتباہ تھا، عبدالرحیم موسوی

تہران (مہ ذ) ایرانی مسلح افواج کے چیف آف اسٹاف سید عبدالرحیم موسوی نے کہا ہے کہ اسرائیل کے خلاف اصل آپریشن جلد انجام دیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بینکوں سے کم شرح سود پر 1275 ارب روپے قرض لیا جائیگا، کابینہ نے منظوری دیدی

پاور سیکٹر کے گردشی قرض پر قابو پانے کیلئے حاصل کردہ قرض کی واپسی کیلئے بینکوں کو سالانہ 323 ارب روپے ادا کرنا ہوں گے

گردشی قرض میں کمی کیلئے یہ رقم پاور ہولڈنگ کمپنی قرض آئی پی پیز کو ادا کرے گی اور بینکوں کو 6 سال میں واپس کرنا ہوگا، وزیر اعظم

اسلام آباد (یو ور رپورٹ) وفاقی کابینہ نے پاور سیکٹر کے گردشی..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطین کانفرنس منسوخ، پاکستان کے غزہ کی صورتحال پر شدید ردعمل

مسئلہ فلسطین کا پرامن حل ہی خطے کی ترقی، سلامتی اور خوشحالی کی کنجی ہے، سعودی عرب، فرانس

عاصم افتخار نے غزہ میں اسرائیلی مظالم کو "انسانیت کے ضمیر پر دھبہ" قرار دے دیا

نیویارک (مہ ذ) اقوام متحدہ میں مسئلہ فلسطین پر 17 سے 21 جون تک..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ایران، اسرائیل سے تعلق رکھنے والا دہشتگرد گروہ گرفتار

گرفتار 28 دہشتگردوں کے قبضے سے دھماکا خیز مواد برآمد کر لیا گیا، وزیر داخلہ

تہران (مہ ذ) ایران کی سکیورٹی فورسز نے اسرائیل سے تعلق رکھنے..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا فضل الرحمٰن کے بیٹے مولانا اسجد الرحمٰن کو اغوا کرنے کی کوشش

واقعہ شورکوٹ سے کلی مروت جاتے ہوئے پیش آیا، نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج

اسلام آباد (یو ور رپورٹ) ہمراہ سے پوتاتی مولانا فضل الرحمٰن کے..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

تہران، بلال اسرائیلی عمارت پر اسرائیلی حملے کے بعد دھواں کے بادل فضا میں بلند ہو رہے ہیں

سینیٹ میں اسرائیل کے ایران پر حملے کی شدید مذمت

مسلم ممالک نے ایران کی سلامتی، خودمختاری کی حمایت کی ہے، اسحٰق ڈار

نواز شریف اپنی دھماکوں کا فیصلہ نہ کرتے تو آج مشکلات میں ہوتے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ کے اجلاس میں اسرائیل کے..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ ایرانی حکومت کا خاتمہ قریب ہے، رضا پہلوی

سابق ایرانی ولی عہد نے ایران میں رجیم کی تبدیلی کے بعد کا منصوبہ بیان کر دیا

واشنگٹن (مہ ذ) سابق ایرانی ولی عہد نے ایران میں رجیم کی تبدیلی کے بعد کا منصوبہ بیان کر دیا تفصیلات کے مطابق..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اور کرزئی پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ، ایک اہلکار شہید

حملہ آوروں کی گرفتاری کے لئے سرچ آپریشن جاری ہے، جلد کٹہرے میں ہوں گے، پولیس

اورکزئی (یو ور رپورٹ) اورکزئی کے علاقے گنڈی تال میں دہشت گردوں نے پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کر دی، بس کے پہیے میں پولیس کا جوان شاہد اکبر..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مخصوص نشستیں کیس، سپریم کورٹ آئینی بینچ کے وکیل سلمان اکرم سے اہم سوالات

باپ پارٹی نشستیں مل گئی تھیں تو آپ کہتے ہیں سنی اتحاد کو بھی ملیں؟ جسٹس امین الدین کا سوال

اسلام آباد (این این آئی) مخصوص نشستوں کے کیس میں..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا نقطہ نظر ٹی وی پر چلتا، اپوزیشن کا نہیں چلایا جاتا، اسد قیصر

ایران بارے فارن پالیسی پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (یو ور رپورٹ) رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا ہے..... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر خورشید احمد اور اسد قیصر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ایرانی حکومت کا خاتمہ ہوتا ہے تو اقتدار کیلئے میدان میں کون ہوگا؟

امریکا اسرائیل اور یورپی طاقتیں ایران میں متبادل کی راہ ہموار کرنے کیلئے کوشاں

غزہ (مہ ذ) ایران پر امریکی حمایت سے جاری اسرائیلی حملوں کے تناظر میں تہران میں رجیم چینج کی باتیں بھی کی جا رہی ہیں۔ اس صورت حال میں سب سے اہم سوال یہ سامنے آ رہا ہے کہ اگر ایران میں..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

SINCE 1952
صوفی سوپ
سپیشل کوالٹی
آج بھی
تمام پاؤڈروں اور
صابنوں سے بہتر
QUALITY SUFI GUARANTEED
SPECIAL QUALITY SUFI SOAP
کپڑوں کی اُجلی دھلائی کے لئے
Safon | Safon | CLASSIC | SUFI | اجوا | SUFI | SUFI
www.sufigroup.biz

انا للہ وانا الیہ راجعون

انتہائی افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ مسز ثریا اللہ دین (تمغہ امتیاز) بدھ، 18 جون 2025ء کو ساؤتھ ہیمپٹن برطانیہ میں پرسکون انداز میں وفات پا گئیں۔ وہ پروفیسر ڈاکٹر اللہ دین مرحوم کی زوجہ، ڈاکٹر صبینہ اور ڈاکٹر سمیرا کی والدہ، ڈاکٹر قدیر احمد وڑائچ، ڈاکٹر کمال سید کی خوش دامن، مرحوم سیف اللہ خان پراچہ کی ہمشیرہ اور طارق سیف پراچہ کی پھپھو تھیں۔ مرحومہ معروف سوشل ورکر تھیں انہوں نے اپنی پوری زندگی بلوچستان، پاکستان، اور انسانیت کی بے لوث خدمت کے لیے وقف کر دی تھی۔ وہ تنظیم ادارہ بحالی مستحقین کی بانی اور صدر، محترمہ کوئٹہ چلتن لائنز کلب کی چارٹر صدر، انجمن فلاح معذوران کی صدر، پاکستان وومن ہاکی ایسوسی ایشن کی صدر، سینئر سٹیزن ایسوسی ایشن کی چیف پیٹرن، خواتین پردہ کلب کی جنرل سیکرٹری تھیں۔ ان کی نماز جنازہ ان شاء اللہ جمعہ 20 جون 2025ء کو نماز جمعہ کے بعد ساؤتھ ہیمپٹن برطانیہ میں ادا کی جائے گی اور ان کا قل شریف ان شاء اللہ اتوار، 22 جون 2025ء کو ساؤتھ ہیمپٹن برطانیہ میں ہوگا۔ جبکہ کوئٹہ میں بھی مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے ایک خصوصی دعائیہ نشست رکھی جائے گی، جس کی تاریخ اور مقام جلد تمام عزیز و اقارب، دوست احباب کو بتا دی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

اسلام آباد، ہنیمز میں میجنٹ یوسف رضا گیلانی اپنی اہلیہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سابق سینیٹر کہدہ محمد اکرم نے یونیورسٹی آف تربت کا دورہ کیا

چیئرمین نے یونیورسٹی کے تعلیمی اور تحقیقی امور اور درپیش چیلنجز پر اظہار کیا

تربت (آن لائن) سابق سینیٹر کہدہ محمد اکرم نے تربت کیمپس کا 20 جون کو یونیورسٹی آف تربت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونیورسٹی کے رجسٹرار کلثوم رازق بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران یونیورسٹی کے تعلیمی اور تحقیقی امور کے حوالے سے اہداف اور درپیش چیلنجز اور ان کے حل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کہدہ محمد اکرم نے یونیورسٹی کی مشرقی ایشیا کی لائبریری کے لیے کتابوں کا تحفہ پیش کیا۔ اس موقع پر تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اللہ بخش اور لائبریرین پروفیسر کوثر بلوچ موجود تھے۔

ایم ڈی واسا گل خلیق کی خدمات روزروشن کی طرح عیاں ہیں صادق بنگلزئی

کوئٹہ کے تمام علاقوں میں پانی کی باقاعدہ فراہمی کے لیے مخلص کیسا تھ کام کر رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) سابق وفاقی وزیر اور انوار سارے اپنے بھائی کردہ دوبان میں کیا کے تاہل اور دہ دار آفیسران کے خلاف ویلیکلیئر کرنے والے مبارک خلیق کی تعریم اور ایم ڈی واسا گل خلیق کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم ڈی واسا گل خلیق کی تعریف کرتا ہوں کہ انہوں نے کوئٹہ کے تمام علاقوں میں پانی کی باقاعدہ فراہمی کے لیے مخلصانہ کام کیا ہے ان کی خدمات کو عوام کبھی نہیں بھولیں گے۔ ملاقات میں محکمہ آبپاشی کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالرحمان بلوچ کے ساتھ ایم ڈی واسا گل خلیق کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایم ڈی واسا گل خلیق کی خدمات کو عوام کبھی نہیں بھولیں گے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

موہ جود بجٹ استعمال کرنے سے صوبے کے محرومیوں کا خاتمہ ہوگا، بجٹ محمد کاکڑ

اگر منتخب نمائندے سنجیدگی اور ایمانداری کے ساتھ کوشش کریں تو صوبے کے حالات سال میں درست ہوسکتے ہیں، وزیر صحت

کامیاب اور متوازن بجٹ پیش کرنے پر وزیراعلیٰ، وزیر خزانہ اور صوبائی وزیر پی ایڈی ڈی مبارکباد کے مستحق ہیں، بیان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے کہ ایک تاریخی اور عوام دوست بجٹ میں پہلی مرتبہ کسی صوبائی حکومت نے ثابت کیا کہ عوام کے مفاد اور عوامی مسائل حل کرنے کیلئے سنجیدگی کے ساتھ کوششوں میں ہیں موجودہ بجٹ استعمال کرنے سے نہ صرف محرومیوں کا خاتمہ ہوگا بلکہ ضلع قرتی کی راہ پر گامزن ہوگا کامیاب اور متوازن بجٹ پیش کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر خزانہ شعیب شورش اور صوبائی وزیر پی ایڈی ڈی میر ظہیر بلیدی کو مبارکباد دیتے ہیں، بیان جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک وسیع اور غریب صوبہ ہے لیکن اس صوبے سے غربت اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے صوبے کے ساتھ نمائندے سنجیدگی اور ایمانداری کے ساتھ کوشش کریں تو اس صوبے کے حالات ایک سال میں درست ہوسکتے ہیں یہی پالیسی موجودہ حکومت جس کی سربراہی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کررہے ہیں جس کا واضح مثال ضلع روز 1028 ارب روپے پر مشتمل بجٹ پیش کیا ہے بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اور عوام کے اجتماعی مسئلوں کیلئے پیش کیا گیا بجٹ ہے سکولوں کا عالم ہے کہ کوٹھے بنا کر اسے استعمال کرنے کے بعد وہ چستان کی راہ پر کامزن اور یہاں سے محرومیوں کا خاتمہ ہوگا انہوں نے کہا کہ کامیاب بجٹ پیش کرنے پر وزیراعلیٰ وزیر پی ایڈی ڈی کو مبارکباد دیتے ہیں۔

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے سابق رکن صوبائی اسمبلی ثمر اللہ خان زیرے ملاقات کررہے ہیں

وفاقی محتسب کی ٹیم 26 جون کو فتح جنگ میں کھلی کچہری لگائے گی

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کریں گے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر، میجر جنرل (ر) ہارون سکندر بابلی کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی ٹیم 26 جون کو فتح جنگ بروز (جمعرات) کو اعلیٰ بار بلی ضلعی ٹاسٹ ضلع اٹک میں دن بھر کھلی کچہری لگا کے کی جس میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات پیش کر کے ان کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہری Outreach Complaint (OCR) کا حصہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بلی کیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور یا نیشن پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہری میں شریک ہونے کی ہدایت کی ہے۔ عوام الناس کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے خلاف شکایات پیش کرسکتے ہیں

وندر، روحانی طلبہ جماعت ضلع حب کا وندر برانچ کا تنظیمی دورہ

روحانی طلبہ جماعت کی کارکردگی بہتر، برانچ کو مزید فعال بنانے کی ہدایت

سلیمانی وندر (اے این اے) روحانی طلبہ جماعت ضلع حب کی طرف سے وندر کی برانچ کا دورہ کیا جامعہ مسجد نور مصطفیٰ میں کھلی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں روحانی طلبہ جماعت صوبہ بلوچستان کے پریس سیکرٹری حیدر شاہ طاہری، جوائنٹ سیکرٹری مومن علی طاہری، معاون پریس سیکرٹری محمد داؤد ہاری، معاون جنرل سیکرٹری عرفان طاہری برانچ نگران حاجی صبر، سید طاہری، وندر برانچ کے صدر، سید

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر: پیرزادہ شاہد سید گان ممتاز نے ایم این ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ڈال لاہور حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر پیرزادہ ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر: 2830228-2835934

ای میل: mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 19 جون 2025ء

جنگی صورتحال اور خطے کا امن و استحکام: عالمی ضمیر کب بیدار ہوگا؟

اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں اور جارحیت کا سلسلہ بدستور جاری ہے اگر چہ ایک ایسے وقت میں جب اسرائیل کا سفاک چہرہ دنیا کے سامنے کھل کر سامنے آچکا ہے اس کے باوجود اس کا دیدہ دلیری اور ڈھٹائی سے جنگی جارحیت کسی بھی خود مختار ملک کو خطرناک اور پامال کرنا اور اس پر ڈھٹائی کے ساتھ دھمکیاں دینا بظاہر ناقابل فہم ایک ایسے ہی ناگزیر ضرورت، حالات کا تقاضا اور خطے کے امن و استحکام کے لئے یہ بات ضروری ہوچکی ہے کہ کسی طرح جنگی حالات کا خاتمہ کیا جائے ایران اور اسرائیل کے مابین جنگ بندی ناگزیر ہے اور اس کے لئے عالمی برادری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اس حوالے سے پاکستان کا موقف بالکل واضح، اٹل اور عین بجا ہے بے انصافی سے گزشتہ روز وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس بات اظہار خیال کیا ہے وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کی وجہ سے صورتحال انتہائی تشویشناک اور افسوسناک ہے، اسرائیل نے ہمارے ہمسایہ برادر ملک ایران کے خلاف کھلی جارحیت کی ہے جس میں سینکڑوں افراد شہید اور سینکڑوں زخمی ہوچکے ہیں، میں، نائب وزیر اعظم اور وفاقی خارجہ نے اس جارحیت کی بھرپور مذمت کی ہے، عالمی برادری کو جنگ بندی کے لئے بھرپور کوششیں کرنا چاہئیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ میری ان سے اسرائیل کے وزیر اعظم سے بھی فون پر تفصیلی بات ہوئی، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے بھی میں نے بات کی، ایران کے صدر کے ساتھ گفتگو میں میں نے پاکستان کے عوام کی طرف سے ایران کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا، اللہ کرے وہاں جلد سے جلد امن قائم ہو کیونکہ یہ جنگ نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن کے لئے بھی بہت خطرناک ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ غزہ کی صورتحال بھی انتہائی تشویشناک اور افسوسناک ہے، پچاس ہزار سے زیادہ بچے، بوڑھے، خواتین، نوجوان، ڈاکٹرز اور انجینئرز شہید ہوچکے ہیں، غزہ میں ظلم اور بربریت ہو رہی ہے، عالمی ضمیر کب جاگے گا۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ ایس اور یا ایس تارڑ کو اوآئی سی کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شرکت کے لئے ترکیہ جارہے ہیں، ترک صدر رجب طیب اردوان سے بھی میری بات ہوئی تھی، ان کی کاشیں اور ان کا موقف بھی بڑا واضح ہے۔ جیسا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے عین حقیقت یہی بھی ہے کہ اسرائیل جارحیت پر جارحیت کئے جارہا ہے اور انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ اسے روکنے والا کوئی نہیں حالانکہ عالمی امن کے لئے اب یہ بات ناگزیر ہوچکی ہے کہ بھارت اور اسرائیل کی جارحانہ پالیسیوں، مذموم سازشوں، جارحیت پر جارحیت کے ارتکاب پر عملی اقدامات کا عالمی برادری کھل کر نوٹس لے اور عالمی امن کو یقینی بنائے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے حالیہ اجلاس میں ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عالمی برادری سے فوری جنگ بندی کی اپیل کی ہے۔ ان کا یہ بیان خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ مشرق وسطی ایک دہائی سے زائد عرصے سے تنازعات، عدم استحکام اور علاقائی رقابتوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان حالیہ کشیدگی نے اس صورتحال کو مزید سنگین اور المیناک بنا دیا ہے اب اسرائیل کی علی الاعلان جارحیت سے صورت احوال مزید سنگین اور خطرناک ہوچکی ہے۔ ایک نئی اور طویل جنگ صورتحال کو المیناک رخ دے سکتی ہے عالمی برادری کو چاہئے کہ اپنا مثبت فعال اور تعمیری کردار ادا کرے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی اپیل محض ایک رسمی بیان نہیں بلکہ یہ خطے اور عالمی امن کے لئے یہ وقت اور ضروری آواز ہے پاکستان امن ملک ہے جس کی دفاعی ذمہ داری اور علاقائی اثر و رسوخ اسے خطے میں امن کے لئے ایک اہم کردار ادا کرنے کی اہلیت دیتا ہے۔ وزیر اعظم کی اپیل سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے آگے ہوا رے کر نے کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ وزیر اعظم نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ فوری طور پر جنگ بندی کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔ یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ خطے میں امن صرف متعلقہ ممالک کی کوششوں سے حاصل نہیں ہوسکتا بلکہ اس کے لئے عالمی برادری کی اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے بالخصوص اقوام متحدہ کو چاہئیے وہ امن قائم کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔ اقوام متحدہ عالمی امن اور سلامتی کے لئے سب سے بڑا فورم ہے، اور اس کا فعال کردار تنازعات کو حل کرنے اور جنگوں کو روکنے کے لئے ناگزیر ہے وزیر اعظم کی اپیل کی روشنی میں عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ اور دنیا کے طاقتور ممالک کو اپنا کردار ادا کرنے ہوگا۔ آج کا یہ تاثر ہے کہ اگر آج جنگ بندی نہ ہوئی تو صرف اسرائیل کے لئے نہیں بلکہ پورے خطے میں امن کے لئے سنگین خطرہ ہے، اور اس کا نتیجہ صرف تباہی اور بربادی ہوگا۔ اس صورتحال میں

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

قسم اشتہارات ایک لفظ کے چند پیسے شائع کیے جاتے ہیں کل اشتہار کے پیمانے پر ہیں اشتہار کا پیمانہ ایک سطر ہے۔
نوٹ: ہر قسم کے اشتہار کی درستی کی ذمہ داری خود لیں کیونکہ:
1: ہمارا ادارہ کسی اشتہار کی صداقت کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔
2: جو خریدار کوئی اشتہار شائع کروانے سے پہلے ہمارے ایڈیٹر سے رابطہ کریں گے ان کے اشتہار کو ترجیح دی جائے گی۔
3: ہمارا ادارہ کسی اشتہار کی اشاعت کا پابند نہیں ہوگا۔
4: ہمارا ادارہ کسی اشتہار کی اشاعت کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔
5: ہمارا ادارہ کسی اشتہار کی اشاعت کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔
6: اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں اپنی ادائیگی یقینی بنائیں گے اگر اس مدت میں ادائیگی نہ ہوئی تو اشتہار کو شائع کیا جائے گا جو کہ ادارہ کا صوابدید ہوگا۔
7: اشتہار کا مضمون شائع ہونے کی صورت میں اشتہار کی تبدیلی یا منسوخی کا حق ادارہ کو حاصل ہوگا۔

برائے کرایہ
ایک عدد گاڑی ہیوندائی 40000 فٹ واقع کلاچک روڈ فرنیچر ایکسٹینشن کے ساتھ پانی کی سہولت موجود ہے رابطہ کیلئے 03358206665
سٹیٹس ADV.....

برائے فروخت
ایک عدد بلڈنگ ورقہ 3 ڈیزائن فٹ میں 7 فلیٹ تین بیڈ، باتھ، کچن جس کا بازار کرایہ تقریباً لاکھ روپے واقع ملک اسٹریٹ سٹی سکول روڈ کوئٹہ رابطہ نمبر 03358206665
سٹیٹس ADV.....

برائے فروخت
علی الرحمان ولد داؤد اللہ سالن کان ہنزری ضلع قلعہ سیف اللہ کا ہنزیکی کوئلہ کی کان جو کہ ایک سو کوئلے برائے مبارکی پرنس کلب پشاور ہے
عبدالرزاق سرکڑ سلام بلوچ.....

گندم کا کاشتکار زرعی پانی کی قلت پر سڑکوں پر، ایریگیشن محکمے کیخلاف احتجاج

مین روڈ بلاک، ٹریفک معطل، نعرے بازی اور شدید غصے کا اظہار، انجینئر کو بٹایا جائے، نور پور ریگولیٹر کی فوری تعمیر کی جائے

نور پور ریگولیٹر کی عدم تعمیر اور انجینئر ایریگیشن کی غفلت نے کسانوں کو بوند بوند پانی کو ترسا دیا ہے، طارق علی جمالی اور سجاد علی جمالی کا خطاب

پانی کی شدید شارٹ فال ہے انہوں نے وفاقی اور بلوچستان حکومت کو خبردار کیا کہ اگر بلوچستان کے اعلیٰ حکام سے اعلیٰ کمیٹی تشکیل کر کے انجینئر کیخلاف کارروائی کرے کہ نور پور ریگولیٹر کی تعمیر کو یقینی بنایا جائے

ریکوڈک منصوبہ خوشحالی بلوچستان کی ضمانت ہے، بانو سٹیڈین

منصوبے میں مقامی افراد کو ترجیح، 70 فیصد عملہ علاقائی افراد پر مشتمل ہے

تعلیم، تعلیم اور صاف پانی کے لیے 6.8 ملین ڈالر خرچ کیے جا چکے

کوئٹہ: تقنتان کے صحافیوں کو ریکوڈک کے سابق منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

کوئٹہ: (نمائندہ مشرق) ریکوڈک مائنگ منصوبے کو ریمن ریسورس (ٹی آر) بلوچستان کو ٹینڈین نے لیا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ اس خطے میں پائیدار ترقی، روزگار کے مواقع اور مقامی آبادی کی خوشحالی کی ضانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے میں سب سے زیادہ ترجیح مقامی کیونکہ کو دی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تونڈنی ہوٹل تفتان آنے کے بعد صحافیوں کو بریفنگ کے دوران کیا۔ دوسرے کے آغاز پر کیونڈی انجینئر نے سٹیفٹ آپریٹر محمد علی شیرانی، ایگزیکٹیو انجینئر مظہر، رضا رند اور نصیب اللہ بزنجو نے صحافیوں کو انڈس ریسورسز لمیٹڈ کے منصوبے کو دورہ کروایا، جو ریکوڈک تھنی اور سی ڈی سی کے اشتراک سے قائم کیے گئے ہیں۔ صحافیوں کو صحت پر اور تربیت سے متعلق مختلف شعبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں صحافیوں نے تفتان میں کام کرنے پر اظہار تشکر کیا اور بتایا کہ انہوں نے تفتان کے بارے میں جو تصور قائم کیا تھا وہ غلط ثابت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے پہلے کبھی تفتان نہیں دیکھا تھا لیکن یہاں آنے سے قبل بھی تفتان میں تعلیم، صحت اور پانی کی سہولیات کے بارے میں سنا تھا لیکن یہاں آنے سے ان خیالات کا اظہار کیا کہ یہاں کے زمینوں کو بلوچستان کے باقی حصوں کی طرح پانی کی سہولت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفتان کو دور کی پانی کی سہولت دی جائے تاکہ یہاں کے لوگ بھی بلوچستان کے باقی حصوں کی طرح خوشحال ہو سکیں۔ صحافیوں کو صحت کی سہولیات کے بارے میں بتایا گیا کہ یہاں کیمپ کے ساتھ ایک ہسپتال کام کر رہا ہے جس میں ڈاکٹر، نرسز اور دیگر عملہ موجود ہے۔ ہسپتال میں ایمرجنسی کی سہولیات موجود ہیں۔ ہسپتال میں ایک ایمبولینس بھی موجود ہے جو کہ ایمرجنسی کیس کو ہسپتال منتقل کرتی ہے۔ ہسپتال میں ایک ڈاکٹر، ایک نرس اور ایک لیبارٹری ٹیکنیشن موجود ہے۔ ہسپتال میں ادویات کی کمی کے بارے میں بتایا گیا کہ ادویات کی کمی کو پورا کیا جا رہا ہے۔ ہسپتال میں ایک ڈاکٹر کا تقرر کیا گیا ہے جو کہ ہفتے میں دو دن یہاں آتے ہیں۔ ہسپتال میں ایک ایمبولینس کا تقرر کیا گیا ہے جو کہ ایمرجنسی کیس کو ہسپتال منتقل کرتی ہے۔ ہسپتال میں ایک ڈاکٹر

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اشاعت خصوصی

24 ویں برسی

بلوچ تاریخ کا امر کردار

شہید میر عبدالخالق لانگو

19 جون 2001ء جب اہل بلوچستان ایک عظیم سائبان سے محروم ہو گئے

معروف قوم پرست رہنما شہید میر عبدالخالق لانگو کی برسی کی مناسبت سے اشاعت خصوصی

تحریر: بشیر احمد لانگو
لے آؤٹ: وسیم شہزاد پال

بلوچستان اپنے جغرافیائی محل وقوع کے لحاظ سے تاریخی اہمیت کا حامل صوبہ ہے، یہاں کی آب و ہوا، قدرتی وسائل اور ساحل سمندر قدرت کے انمول خزانے ہیں سے ایک ہیں۔ بلوچستان کی زرخیز مٹی جس سے سوا لاکھ شخصیت اور باغات نہ



ایک شفیق بھرد بزرگ خلوص اور انسان دوست شخصیت کا دیکھنا چہرہ سامنے آتا ہے وہ ایک غریب پرور انسان دوست ترقی پسند اور سلجھے ہوئے سیاسی و قبائلی رہنما تھے، جو قبائلی روایات واقدار اور قومی افراد کی نفسیات کا بخوبی ادراک رکھتے تھے۔ شہید میر عبدالخالق لانگو نے ابتدائی تعلیم آبائی علاقے خانق آباد نجگر میں حاصل کی بعد ازاں مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے کراچی گئے مستونگ تشریف لے گئے ساتھ بلوچستان اور بلوچ عوام کی پسماندگی اور محرومیوں کے پیش نظر بلوچ طلبہ فیڈریشن سے وابستہ ہوگئے اپنی قائدانہ صلاحیتوں اور بہترین سوچ وفکر کی بدولت بی ایس او کے متحرک سرگرم اور فعال رہنماؤں کی فہرست میں شامل ہوئے بلوچ طلباء کو سیاسی اور سماجی میدان میں متحرک اور فعال رکھنے میں اہم کردار ادا کیا بلوچ طلباء میں سیاسی و نظریاتی سوچ کو پروان چڑھایا میر صاحب نے بلوچ طلباء میں حب الوطنی کا ایسا جذبہ استوار کرنے

ایسی آبیاری کی جو آنے والے وقتوں میں بلوچستان کی سیاسی وارث کے طور پر سامنے آئے اور صوبے میں سیاسی سیاست کے گلیمی کردار بنے۔ میر عبدالخالق لانگو جوانی سے ہی بلوچی مصنف، ادیب، شاعر و سیاستدان میر یوسف عزیز مگسی کی طرز سیاست کے گرویدہ ہوئے، انہوں نے قومی شناخت اور شناخت کے بلوچ وجود اور امیر کی تفریق کے بنا محض بلوچ باشندے کی شناخت پر سب کو یکجا کیا اور اسکے حقوق کی جدوجہد کی۔ میر عبدالخالق لانگو کی شخصیت کا یہ پہلو انہیں دیگر قومی شخصیات سے ممتاز بنا گیا۔ انکے ہاں کوئی امیر اور غریب نہیں تھا، سب کو یکساں عزت و احترام، پیار و محبت کی زنجیر سے باندھے رکھا۔ بلوچ سماج میں بھیڈ وڈی شخصیت متازفتی ہے، جس نے خود کو بلوچ قوم کے سپرد کیا۔ میر عبدالخالق لانگو کو اپنے پیار و محبت اور قومی عزت و احترام کی بدولت چھوٹے سے بڑوں تک سب کے بے پناہ پیار واحترام کا پیکر بنا دیا۔

میر یوسف عزیز مگسی کے بعد جو مقام و مرتبہ، عزت و احترام اور پیار و محبت میر عبدالخالق لانگو کے حصے میں آئی شاید وہ کسی اور شخصیت کو نصیب ہوئی ہو۔ میر عبدالخالق لانگو سیاسی میدان میں بلوچ وطن کی وہ توانا آواز بن کر ابھرے جسکی گونج سمندر سے بلند ہوکر اور خانق آباد سے کوہ باکان سے سنگلاخ پہاڑوں تک سنی جاتی رہی۔ انہوں نے کبھی بھی ذاتی مفادات کو بلوچ قومی مفاد پر فوقیت نہیں دی، جہاں گئے، جس پلیٹ فارم پر رہے انہوں نے بلوچ،

شہید میر عبدالخالق لانگو کی یاد پھر سے تازہ ہوئی ہے۔ دوم جو میر بلوچ کے سینے میں 2001 کی طرح تازہ دم ہونے کا نام نہیں لیتا۔ 19 جون کو صرف میر عبدالخالق لانگو کو شہید نہیں کیا گیا، بلکہ بلوچ وطن کی توانا آواز، سیاسی شعور، ایک جہد مسلسل کے پیکر اور انسان دوست شخصیت کی شہادت ہوئی۔ شہید میر عبدالخالق لانگو کا اعجوبہ سفر اسے دونوں لخت جگر کی کوشش کر رہے ہیں، میر خالد خان لانگو اور میر ضیاء اللہ لانگو نے رہ زار دل سے اپنے شہید والد کے اعجوبہ مشن کو کامیاب بنانے کا عزم کر کے سیاسی میدان میں وہ





کے لیے میر خالد خان لانگو نے اپنی سیاسیجیس بروے کار لائیں اسی طرح میر ضیاء اللہ لانگو بھی اقدامات کر رہے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ رب العالمین شہید میر عبدالخالق لانگو کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس عطا فرمائے اور انکے فرزندان میر خالد خان لانگو اور میر ضیاء اللہ لانگو کو بلوچ وطن اور بلوچ قوم کی خدمت کے جذبے سے اسی طرح سرشار رکھے تاکہ ہمارا بلوچستان پھلتا

شہید میر عبدالخالق لانگو..... ایک جہد مسلسل

تحریر: حافظ محمد انس لانگو

شہید میر عبدالخالق لانگو نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز این وائی ایم۔ بی این ایم موجودہ نیشنل پارٹی سے کیا و بی این ایم کے بیسٹر نائب صدر کے عہدے پر فائز رہے، اور پارٹی کے پروگرام اور سوچ وفکر کو آگے بڑھانے میں بھیشہ مصروف عمل رہے، شہید میر عبدالخالق لانگو نے زمینداروں کی تحریک، ملازمین کی انسٹیٹ الائنس تحریک میں اہم کردار ادا کیا۔ 19 جون

قومی جدوجہد میں کوٹہ لانگو کا کردار

تحریر: نیاز اللہ شہید لانگو

نقیب **1**

کوٹ الانگو

ہمزہ ہوگے۔ معتبر سیاسی ذرائع کے مطابق سابق ایف ایم موجودہ سینٹر بلوچستان کے نائب مرکزی صدر میر عبدالواحد الانگو کو بلوچستان میں ہی فراہمی کے شفاف مرکز سوتک میں شہید کر دیا گیا۔ جنہوں نے صداقت، دیانتداری کی راہ پر چل کر تقریباً نصف صدی پر محیط اپنی سیاسی جدوجہد میں وہ قربانیاں کا نام سرانجام دیا ہے جو بلاشبہ تاریخ میں سنہرے حرفوں میں لکھے جانے کے قابل ہے۔ بلوچ قوم کو ان کی قربانیوں کا اعتراف کرنا ہوگا۔ ان کی شہادت سے پوری بلوچ قوم کو گہرا دکھ پہنچا ہے۔ ان کی شہادت کے بعد ان کے بھائی ایف ایم کے ڈرائیور کو دہاں کے قوموں کے سامنے شہید کر دیا گیا۔ میر صاحب کے نزدیک سیاست عبادت تھی، وہ سیاست کو تجارت نہیں بلکہ ایک تحریک کا نام سمجھتے تھے، آپ ایثار و استقلال کی اعلیٰ مثال تھے، جرأت و شجاعت کے ایک دور اور حرکت و عمل کا ایک قیمتی دور تھے، میر صاحب اپنی ذات میں ایک انجمن اور ایک ادارہ تھے، وہ کردار اور اخلاق پر آخری دم تک جیتے رہے، وہ سیاسی بلوچ قوم کی بہترین کوشش کرتے رہے، وہ سیاسی سادہ لوح اور بلوچ قوم کیلئے ایک مخلص رہنما تھے، حریف سے آگے بڑھ کر حریف کو ہرانے کا جذبہ رکھتے تھے، حریف نے راستے پر جانا ہے اسی راستے سے روکنے، شہید میر عبدالواحد الانگو ایک فرد کا نہیں بلکہ قربانی، ایثار کا عروج، جدوجہد کی معراج، اور استقامت کا نشان تھے، ایک انجمن اور ایک ادارہ تھے، میر صاحب اپنی ذات میں ایک انجمن اور ایک ادارہ تھے، جہاں بھی جاتے وہاں بلوچ قوم کا سماں بندھ کر رہتے، سیاسی داؤ پیچ تھے، آخر تک ڈٹے رہے، اور حریف مقابلہ کرتے رہے، آخر تک ڈٹے رہے، اور حریف میں راستے پر جانا ہے اسی راستے سے روکنے، شہید میر عبدالواحد الانگو ایک فرد کا نہیں بلکہ قربانی، ایثار کا عروج، جدوجہد کی معراج، اور استقامت کا نشان تھے، ایک انجمن اور ایک ادارہ تھے، میر صاحب اپنی ذات میں ایک انجمن اور ایک ادارہ تھے، جہاں بھی جاتے وہاں بلوچ قوم کا سماں بندھ کر رہتے، سیاسی داؤ پیچ تھ

نریندر مودی نے پاک بھارت تنازعہ پر امریکی ثالثی ماننے سے انکار کر دیا

ٹرمپ اور مودی کا رابطہ، پاک بھارت تنازع پر تیسرے فریق کے معاملے پر 35 منٹ طویل گفتگو

پاکستان سے تنازع پر بھارت تیسرے فریق کی ثالثی قبول نہ کرتا ہے اور نہ کریگا، بھارتی سیکریٹری خارجہ

نئی دہلی (ٹائی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سیکریٹری خارجہ کرم مسری نے اپنے ایک وڈیو بیان میں کہا کہ بھارتی وزیراعظم مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو کہا کہ آپریشن سندور تاحال جاری ہے۔ بھارتی سیکریٹری خارجہ کے مطابق مودی نے ٹرمپ کو کہا پاکستان سے تنازع پر بھارت تیسرے فریق کی ثالثی قبول نہ کرتا ہے اور نہ کریگا۔ کرم مسری کے مطابق ٹرمپ کو کہا کہ آپریشن سندور تاحال جاری ہے۔ ..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے ڈاکٹر محمد فراز بگٹی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ایران سے غیر قانونی مقیم پاکستانیوں کی واپسی کیلئے پالیسی کا اعلان

اسلام آباد (ویب رپورٹ) پاکستان نے ایران میں غیر قانونی مقیم پاکستانیوں کی واپسی سے متعلق پالیسی کا اعلان کر دیا۔ وزارت خارجہ حکام نے ایران میں غیر قانونی مقیم پاکستانیوں کو واپسی کیلئے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ ایران ہمراہ رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ حکام نے کہا ہے کہ شہری اپنے اور والدین کے شناختی کارڈ کی اصل کاپیاں بھی اپنے پاس رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ مطلوبہ دستاویزات کی موجودگی واپسی کے عمل کو آسان اور تیز بنا دے گی۔

چینی خصوصی پرواز ایران اگلے آباد سے اسلام آباد پہنچ گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان پی آئی اے نے کہا ہے کہ پی آئی اے کی خصوصی پرواز پی کے 9552 کے ذریعے ایران میں پھنسے ہوئے 157 مسافر آج صبح 3 بجے بخاطبت وطن پہنچ ایرانی فضائی حدود بند ہونے کے باعث، ایران میں موجود پاکستانی شہری زمینی راستے کے ذریعے ترکمانستان کے شہر تلک آباد پہنچے۔ اس قدم میں ایران اور ترکمانستان میں پاکستانی سفارتخانوں نے فعالی کردار ادا کیا۔ خصوصی ایئر اٹلی کے یہ خصوصی پرواز مشہد پاکستان کی ہدایات پر روانہ ہوئی کیسکہ فرض سے چلتی حسین فراز دیگر مشکل گھڑی میں ملکی مفادات کی خاطر قومی ایئر لائن کا اپنی خدمات فراہم کرنا ہماری دیانت اور پیشہ ورانہ روایات کا مظہر ہے۔

چینی کی قیمت میں اضافے کی اجازت نہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (شاہد رحمان) وفاقی وزیر اتحاد توحید حسین نے کہا ہے کہ چینی کی قیمت پر حکومت کی کڑی نظر ہے اور قیمت میں غیر معمولی اضافے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ چینی کی قیمتوں اور دستیابی پر اہم اجلاس کے دوران وفاقی وزیر اتحاد توحید حسین نے کہا کہ چینی کی مناسب قیمت پر دستیابی حکومت کی اولین ترجیح ہے، قیمت میں غیر معمولی اضافے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ چینی کی پیداوار، سپلائی اور قیمت میں شفافیت یقینی بنائی جائے، چینی کی مارکیٹ میں استحکام حکومت اور صنعت کے تعاون سے یقینی ہے، رمضان توحید حسین نے کہا کہ سازشوں اور صارفین کے مفادات کا مکمل تحفظ کریں گے

کوئٹہ سے جنیوالی جعفر ایکسپریس کی بوگیوں کے نیچے دھماکہ ٹریک تباہ

جعفر ایکسپریس کو جیک آباد ریلوے اسٹیشن پر روک لیا گیا، مسافروں کی آمد و رفت میں کئی گھنٹوں کی تاخیر، مسافر پھنس گئے

سبزی منڈی کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکہ، خیز مواد نصب تھا، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، سیکورٹی ادارے تحریک کی بحالی کے بعد مدات گئے جعفر ایکسپریس کو پٹھاد کیلئے اور دوسری ٹرین کو کوئٹہ کیلئے روانہ کیا جائے گا، ریلوے حکام

کوئٹہ (کے ایس پی آر) جیک آباد کے علاقے میں ریلوے ٹریک پر دھماکے کے بعد کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو روک لیا گیا جس کی وجہ سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب میں گورنر خضدار وڈیل کو سوٹر پیش کر رہے ہیں

لوگوں کو انصاف دلائینگے، پہلی ترجیح عوامی شکایات دور کرنا ہے، چیف جسٹس پاکستان

بار اور ججوں کو کوئی علیحدہ نہیں کر سکتا، ہمارا ہر اقدام قانون کی حکمرانی کیلئے ہوگا، نوجوانوں کو اپنے بڑوں سے سیکھنا چاہیے

ہمارے ہاں اچھے وکلا رہے ہیں وہ ہمارے رہنما تھے پشاور میں کچہری کمپلیکس بنا رہے ہیں، جسٹس یحییٰ آفریدی کا خطاب

پشاور (ویب رپورٹ) چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ لوگوں کو انصاف دلانے کے۔ ہماری پہلی ترجیح عوامی شکایات دور کرنا ہے۔ پشاور بار کونسل بار سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ تو نخشہ کا پیغام دوانیں گے۔ ہماری پہلی ترجیح عوامی شکایات دور کرنا ہے۔ پشاور بار کونسل بار سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ ہمارا ہر اقدام قانون کی حکمرانی کیلئے ہوگا، نوجوانوں کو اپنے بڑوں کو دیکھنا چاہیے ہمارے ہاں اچھے وکلا رہے ہیں وہ ہمارے رہنما تھے پشاور میں کچہری کمپلیکس بنا رہے ہیں، جسٹس یحییٰ آفریدی کا خطاب ..... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

مستوگ میں گاڑی پر فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) مستوگ میں گاڑی پر فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مستوگ کے علاقے سنگرو پل سور کا چوک کے قریب سنگ افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں عبدالرشید ولد عبدالغفور اور ایک خاتون جاں بحق جبکہ ایک بچہ اور خاتون زخمی ہو گئے۔ واقعہ کے بعد پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کی اور لاشوں کو پوسٹمارٹم کیلئے منتقل کر دیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

پاک بحریہ کا زخمی بھارتی عملے کو بچانے کیلئے ریسکیو آپریشن

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک بحریہ نے سمندر میں زخمی بھارتی عملے کو بچانے کے لیے کامیاب ریسکیو آپریشن کیا۔ پاک فوج کے ترجمان کے مطابق آئی ایس پی آر) کے بیان کے مطابق عملے کے لیے طبی امداد کی درخواست کی تھی۔ اعلامیے میں مزید بتایا گیا کہ پاک بحریہ کے جدید سیریز کا ہائم ہیلی کاپٹر بھارتی ایئر فورس کے ایک ہیلی کاپٹر کو بچان